وائے ہو ان لوگوں پر جو اپنے ہاتھ سے کتاب لکھ کر یہ کہتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے تاکہ اسے تھوڑے دام میں بیچ لیں، ان کے لئے اس تحریر پر بھی عذاب ہے اور اس کی کمائی پر بھی۔

وَقَالُوۡا لَنۡ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعۡدُوۡدَةً قُلۡ اَتَّخَذۡتُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ عَهۡدًا فَلَنۡ يُّخۡلِفَ اللّٰهُ عَهۡدَهٗۤ اَمۡ تَقُوۡلُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ

WAQAALOO LAN TAMASSANAA AN-NAARU ILLAA AYYAAMAN MA'DOODATAN QUL ATTAKHAZTUM 'INDA ALLAAHI 'AHDAN FALAN YUKHLIFA ALLAAHU 'AHDAHOO AM TAQOOLOONA 'ALAA ALLAAHI MAA LAA TA'LAMOON

And they say: Fire shall not touch us but for a few days. Say: Have you received a promise from Allah, then Allah will not fail to perform His promise, or do you speak against Allah what you do not know?

یہ کہتے ہیں کہ ہمیں آتش جہنّم چند دن کے علاوہ چھو بھی نہیں سکتی، ان سے پوچھئے کہ کیا تم نے اللہ سے کوئی عہد لے لیا ہے جس کی وہ مخالفت نہیں کرسکتا یا اس کے خلاف جہالت کی باتیں کررہے ہو۔

بَلٰى مَنۡ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتۡ بِهٖ خَطِيۡٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ

BALAA MAN KASABA SAYYI'ATAN WA-AHAATAT BIHEE KHATEE'ATUHOO FA-OOLAA'IKA ASHAABU AN-NAARI HUM FEEHAA KHAALIDOON

Yea! whoever earns evil and his sins beset him on every side, these are the inmates of the fire; in it they shall abide.

یقیناً جس نے کوئی برائی حاصل کی اور اس کی غلطی نے اسے گھیر لیا وہ لوگ اہلِ جہنّم ہیں اور وہیں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

Free to read, copy and share

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ

WALLAZEENA AAMANOO WA'AMILOO AS-SAALIHAATI OOLAA'IKA ASHAABU AL-JANNATI HUM FEEHAA KHAALIDOON

And (as for) those who believe and do good deeds, these are the dwellers of the garden; in it they shall abide.

اور جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے وہ اہل جنّت ہیں اور وہیں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ

WA-IZ AKHAZNAA MEETHAAQA BANEE ISRAA'EELA LAA TA'BUDOONA ILLAA ALLAAHA WABILWAALIDAYNI IHSAANAN WAZEE AL-QURBAA WAL-YATAAMAA WAL-MASAAKEENI WAQOOLOO LIN-NAASI HUSNAN WA-AQEEMOO AS-SALAATA WA-AATOO AZ-ZAKAATA THUMMA TAWALLAYTUM ILLAA QALEELAN MINKUM WA-ANTUM MU'RIDOON

And when We made a covenant with the children of Israel: You shall not serve any but Allah and (you shall do) good to (your) parents, and to the near of kin and to the orphans and the needy, and you shall speak to men good words and keep up prayer and pay the poor-rate. Then you turned back except a few of you and (now too) you turn aside.

اس وقت کو یاد کرو جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ خبردار خدا کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ، قرابتداروں، یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا، لوگوں سے اچھی باتیں کرنا، نماز قائم کرنا، زکوۃ ادا کرنا لیکن اس کے بعد تم میں سے چند کے علاوہ سب منحرف ہوگئے اور تم لوگ تو بس اعراض کرنے والے ہی ہو۔

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ

WA-IZ AKHAZNAA MEETHAAQAKUM LAA TASFIKOONA DIMAA'AKUM WALAA TUKHRIJOONA ANFUSAKUM MIN DIYAARIKUM THUMMA AQRARTUM WA-ANTUM TASHHADOON

And when We made a covenant with you: You shall not shed your blood and you shall not turn your people out of your cities; then you gave a promise while you witnessed.

اور ہم نے تم سے عہد لیا کہ آپس میں ایک دوسرے کا خون نہ بہانا اور کسی کو اپنے وطن سے نکال باہر نہ کرنا اور تم نے اس کا اقرار کیا اور تم خود ہی اس کے گواہ بھی ہو۔

Free to read, copy and share

ثُمَّ اَنۡتُمۡ هٰٓؤُلَآءِ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ وَتُخۡرِجُوۡنَ فَرِيۡقًا مِّنۡكُمۡ مِّنۡ دِيَارِهِمۡ تَظٰهَرُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ بِالۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ وَاِنۡ يَّاۡتُوۡكُمۡ اُسٰرٰى تُفٰدُوۡهُمۡ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيۡكُمۡ اِخۡرَاجُهُمۡ اَفَتُؤۡمِنُوۡنَ بِبَعۡضِ الۡكِتٰبِ وَتَكۡفُرُوۡنَ بِبَعۡضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنۡ يَّفۡعَلُ ذٰلِكَ مِنۡكُمۡ اِلَّا خِزۡىٌ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يُرَدُّوۡنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الۡعَذَابِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ

THUMMA ANTUM HAA'ULAA'I TAQTULOONA ANFUSAKUM WATUKHRIJOONA FAREEQAN MINKUM MIN DIYAARIHIM TAZAAHAROONA 'ALAYHIM BIL-ITHMI WAL-'UDWAANI WA-IN YA'TOOKUM USAARAA TUFAADOOHUM WAHUWA MUHARRAMUN 'ALAYKUM IKHRAAJUHUM AFATU'MINOONA BIBA'DI AL-KITAABI WATAKFUROONA BIBA'DIN FAMAA JAZAA'U MAN YAF'ALU ZAALIKA MINKUM ILLAA KHIZYUN FEE AL-HAYAATI AD-DUNYAA WAYAWMA AL-QIYAAMATI YURADDOONA ILAA ASHADDI AL-'AZAABI WAMAA ALLAAHU BIGHAAFILIN 'AMMAA TA'MALOON

Yet you it is who slay your people and turn a party from among you out of their homes, backing each other up against them unlawfully and exceeding the limits; and if they should come to you, as captives you would ransom them- while their very turning out was unlawful for you. Do you then believe in a part of the Book and disbelieve in the other? What then is the reward of such among you as do this but disgrace in the life of this world, and on the day of resurrection they shall be sent back to the most grievous chastisement, and Allah is not at all heedless of what you do.

لیکن اس کے بعد تم نے قتل و خون شروع کردیا، لوگوں کو علاقہ سے باہر نکالنے لگے اور گناہ وتعدی میں ظالموں کی مدد کرنے لگے حالانکہ کوئی قیدی بن کر آتا ہے تو فدیہ دے کر آزاد بھی کرالیتے ہو جبکہ شروع سے ان کا نکالنا ہی حرام تھا، کیا تم کتاب کے ایک حصّہ پر ایمان رکھتے ہو اور ایک کا انکار کردیتے ہو، ایسا کرنے والوں کی کیا سزا ہے سوائے اس کے کہ زندگانی دنیا میں ذلیل ہوں اور قیامت کے دن سخت ترین عذاب کی طرف پلٹادیئے جائیں گے، اور اللہ تمہارے کرتوت سے بے خبر نہیں ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ اشۡتَرَوُا الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا بِالۡاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ الۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ

OOLAA'IKA ALLAZEENA ISHTARAWU AL-HAYAATA AD-DUNYAA BIL-AAKHIRATI FALAA YUKHAFFAFU 'ANHUMU AL-'AZAABU WALAA HUM YUNSAROON

These are they who buy the life of this world for the hereafter, so their chastisement shall not be lightened nor shall they be helped.

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کو دے کر دنیا خریدلی ہے اب نہ ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ

WALAQAD AATAYNAA MOOSAA AL-KITAABA WAQAFFAYNAA MIN BA'DIHEE BIR-RUSULI WA-AATAYNAA 'EESAA IBNA MARYAMA AL-BAYYINAATI WA-AYYADNAAHU BIROOHI AL-QUDUSI AFAKULLAMAA JAA'AKUM RASOOLUN BIMAA LAA TAHWAA ANFUSUKUMU ISTAKBARTUM FAFAREEQAN KAZZABTUM WAFAREEQAN TAQTULOON

And most certainly We gave Musa the Book and We sent apostles after him one after another; and We gave Isa, the son of Marium, clear arguments and strengthened him with the holy spirit, What! whenever then an apostle came to you with that which your souls did not desire, you were insolent so you called some liars and some you slew.

ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی ان کے پیچھے رسولوں کا سلسلہ قائم کیا، عیسیٰ بن مریمؑ کو واضح معجزات عطا کئے، روح القدس سے ان کی تائید کرادی لیکن کیا تمہارا مستقل طریقہ یہی ہے کہ جب کوئی رسولؐ تمہاری خواہش کے خلاف کوئی پیغام لے کر آتا ہے تو اکڑ جاتے ہو اور ایک جماعت کو جھٹلا دیتے ہو اور ایک کو قتل کردیتے ہو۔

وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ

WAQAALOO QULOOBUNAA GHULFUN BAL LA'ANAHUMU ALLAAHU BIKUFRIHIM FAQALEELAN MAA YU'MINOON

And they say: Our hearts are covered. Nay, Allah has cursed them on account of their unbelief; so little it is that they believe.

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے دلوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں ہماری کچھ سمجھ میں نہیں آتا بے شک ان کے کفر کی بنا پر ان پر خدا کی مار ہے اور یہ بہت کم ایمان لے آئیں گے۔

Free to read, copy and share

وَلَمَّا جَآءَهُمۡ كِتٰبٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ وَكَانُوۡا مِنۡ قَبۡلُ يَسۡتَفۡتِحُوۡنَ عَلَى الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فَلَمَّا جَآءَهُمۡ مَّا عَرَفُوۡا كَفَرُوۡا بِهٖ فَلَعۡنَةُ اللّٰهِ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ

WALAMMAA JAA'AHUM KITAABUN MIN 'INDI ALLAAHI MUSADDIQUN LIMAA MA'AHUM WAKAANOO MIN QABLU YASTAFTIHOONA 'ALAA ALLAZEENA KAFAROO FALAMMAA JAA'AHUM MAA 'ARAFOO KAFAROO BIHEE FALA'NATU ALLAAHI 'ALAA AL-KAAFIREEN

And when there came to them a Book from Allah verifying that which they have, and aforetime they used to pray for victory against those who disbelieve, but when there came to them (Prophet) that which they did recognize, they disbelieved in him; so Allah's curse is on the unbelievers.

اور جب ان کے پاس خدا کی طرف سے کتاب آئی ہے جو ان کی توریت وغیرہ کی تصدیق بھی کرنے والی ہے اور اس کے پہلے وہ دشمنوں کے مقابلہ میں اسی کے ذریعہ طلب فتح بھی کرتے تھے لیکن اس کے آتے ہی منکر ہوگئے حالانکہ اسے پہچانتے بھی تھے تو اب کافروں پر خدا کی لعنت ہے۔

بِئۡسَمَا اشۡتَرَوۡا بِهٖۤ اَنۡفُسَهُمۡ اَنۡ يَّكۡفُرُوۡا بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ بَغۡيًا اَنۡ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِهٖ فَبَآءُوۡ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ

BI'SAMAA ISHTARAW BIHEE ANFUSAHUM AN YAKFUROO BIMAA ANZALA ALLAAHU BAGHYAN AN YUNAZZILA ALLAAHU MIN FADLIHEE 'ALAA MAN YASHAA'U MIN 'IBAADIHEE FABAA'OO BIGHADABIN 'ALAA GHADABIN WALILKAAFIREENA 'AZAABUN MUHEEN

Evil is that for which they have sold their souls- that they should deny what Allah has revealed, out of envy that Allah should send down of His grace on whomsoever of His servants He pleases; so they have made themselves deserving of wrath upon wrath, and there is a disgraceful punishment for the unbelievers.

ان لوگوں نے اپنے نفس کا کتنا برا سودا کیا ہے کہ زبردستی خدا کے نازل کئے کا انکار کر بیٹھے اس ضد میں کہ خدا اپنے فضل و کرم سے اپنے جس بندے پر جو چاہے نازل کردیتا ہے، اب یہ غضب بالائے غضب کے حقدار ہیں اور ان کے لئے رسوا کن عذاب بھی ہے۔

Free to read, copy and share

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ اٰمِنُوۡا بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ قَالُوۡا نُؤۡمِنُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡنَا وَيَكۡفُرُوۡنَ بِمَا وَرَآءَهٗ وَهُوَ الۡحَـقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمۡ قُلۡ فَلِمَ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡبِيَآءَ اللّٰهِ مِنۡ قَبۡلُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ

WA-IZAA QEELA LAHUM AAMINOO BIMAA ANZALA ALLAAHU QAALOO NU'MINU BIMAA UNZILA 'ALAYNAA WAYAKFUROONA BIMAA WARAA'AHOO WAHUWA AL-HAQQU MUSADDIQAN LIMAA MA'AHUM QUL FALIMA TAQTULOONA ANBIYAA'A ALLAAHI MIN QABLU IN KUNTUM MU'MINEEN

And when it is said to them, believe in what Allah has revealed, they say: We believe in that which was revealed to us; and they deny what is besides that, while it is the truth verifying that which they have. Say: Why then did you kill Allah's Prophets before if you were indeed believers?

جب ان سے کہا جاتا ہے کہ خدا کے نازل کئے ہوئے پر ایمان لے آؤ تو کہتے ہیں کہ ہم صرف اس پر ایمان لے آئیں گے جو ہم پر نازل ہوا ہے اور اس کے علاوہ سب کا انکار کردیتے ہیں، اگرچہ وہ بھی حق ہے اور ان کے پاس جو کچھ ہے اس کی تصدیق کرنے والا بھی ہے، اب آپ ان سے کہئے کہ اگر تم مومن ہو تو اس سے پہلے انبیاءِ خدا کو قتل کیوں کرتے تھے۔

وَلَقَدۡ جَآءَكُمۡ مُّوۡسٰى بِالۡبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذۡتُمُ الۡعِجۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖ وَاَنۡتُمۡ ظٰلِمُوۡنَ

WALAQAD JAA'AKUM MOOSAA BIL-BAYYINAATI THUMMA ITTAKHAZTUMU AL-'IJLA MIN BA'DIHEE WA-ANTUM ZAALIMOON

And most certainly Musa came to you with clear arguments, then you took the calf (for a god) in his absence and you were unjust.

یقیناً موسیٰؑ تمہارے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے لیکن تم نے ان کے بعد گوسالہ کو اختیار کرلیا اور تم واقعی ظالم ہو۔

Free to read, copy and share

وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِيۡثَاقَكُمۡ وَرَفَعۡنَا فَوۡقَكُمُ الطُّوۡرَ خُذُوۡا مَاۤ اٰتَيۡنٰكُمۡ بِقُوَّةٍ وَّاسۡمَعُوۡا قَالُوۡا سَمِعۡنَا وَعَصَيۡنَا وَاُشۡرِبُوۡا فِىۡ قُلُوۡبِهِمُ الۡعِجۡلَ بِكُفۡرِهِمۡ قُلۡ بِئۡسَمَا يَاۡمُرُكُمۡ بِهٖۤ اِيۡمَانُكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ

WA-IZ AKHAZNAA MEETHAAQAKUM WARAFA'NAA FAWQAKUMU AT-TOORA KHUZOO MAA AATAYNAAKUM BIQUWWATIN WASMA'OO QAALOO SAMI'NAA WA'ASAYNAA WA-USHRIBOO FEE QULOOBIHIMU AL-'IJLA BIKUFRIHIM QUL BI'SAMAA YA'MURUKUM BIHEE EEMAANUKUM IN KUNTUM MU'MINEEN

And when We made a covenant with you and raised the mountain over you: Take hold of what We have given you with firmness and be obedient. They said: We hear and disobey. And they were made to imbibe (the love of) the calf into their hearts on account of their unbelief. Say: Evil is that which your belief bids you if you are believers.

اور اس وقت کو یاد کرو جب ہم نے تم سے توریت پر عمل کرنے کا عہد لیا اور تمہارے سروں پر کوہِ طور کو معلق کردیا کہ توریت کو مضبوطی سے پکڑ لو تو انہوں نے ڈر کے مارے فورا اقرار کرلیا کہ ہم نے سن تو لیا لیکن پھر نافرمانی بھی کریں گے کہ ان کے دلوں میں گو سالہ کی محبت گھول کر پلادی گئی ہے، پیغمبر ان سے کہہ دو کہ اگر تم ایماندار ہو تو تمہارا ایمان بہت برے احکام دیتا ہے۔

قُلۡ اِنۡ كَانَتۡ لَـكُمُ الدَّارُ الۡاٰخِرَةُ عِنۡدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنۡ دُوۡنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الۡمَوۡتَ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ

QUL IN KAANAT LAKUMU AD-DAARU AL-AAKHIRATU 'INDA ALLAAHI KHAALISATAN MIN DOONI AN-NAASI FATAMANNAWU AL-MAWTA IN KUNTUM SAADIQEEN

Say: If the future abode with Allah is specially for you to the exclusion of the people, then invoke death if you are truthful.

ان سے کہو کہ اگر سارے انسانوں میں دارِ آخرت فقط تمہارے لئے ہے اور تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو موت کی تمنا کرو۔

وَلَنۡ يَّتَمَنَّوۡهُ اَبَدًا ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِالظّٰلِمِيۡنَ

WALAN YATAMANNAWHU ABADAN BIMAA QADDAMAT AYDEEHIM WALLAAHU 'ALEEMUN BIZ-ZAALIMEEN

And they will never invoke it on account of what their hands have sent before, and Allah knows the unjust.

اور یہ اپنے پچھلے اعمال کی بنا پر ہرگز موت کی تمنا نہیں کریں گے کہ خدا ظالموں کے حالات سے خوب واقف ہے۔

Free to read, copy and share

وَلَتَجِدَنَّهُمۡ اَحۡرَصَ النَّاسِ عَلٰی حَیٰوۃٍ ۬ۛ وَمِنَ الَّذِیۡنَ اَشۡرَکُوۡا یَوَدُّ اَحَدُهُمۡ لَوۡ یُعَمَّرُ اَلۡفَ سَنَۃٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحۡزِحِهٖ مِنَ الۡعَذَابِ اَنۡ یُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِیۡرٌۢ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ

WALATAJIDANNAHUM AHRASA AN-NAASI 'ALAA HAYAATIN WAMINA ALLAZEENA ASHRAKOO YAWADDU AHADUHUM LAW YU'AMMARU ALFA SANATIN WAMAA HUWA BIMUZAHZIHIHEE MINA AL-'AZAABI AN YU'AMMARA WALLAAHU BASEERUN BIMAA YA'MALOON

And you will most certainly find them the greediest of men for life (greedier) than even those who are polytheists; everyone of them loves that he should be granted a life of a thousand years, and his being granted a long life will in no way remove him further off from the chastisement, and Allah sees what they do.

اے رسول آپ دیکھیں گے کہ یہ زندگی کے سب سے زیادہ حریص ہیں اور بعض مشرکین تو یہ چاہتے ہیں کہ انہیں ہزار برس کی عمر دے دی جائے جبکہ یہ ہزار برس بھی زندہ رہیں تو طولِ حیات انہیں عذابِ الٰہی سے نہیں بچا سکتا، اللہ ان کے اعمال کو خوب دیکھ رہا ہے۔

قُلۡ مَنۡ کَانَ عَدُوًّا لِّجِبۡرِیۡلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰی قَلۡبِکَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیۡنَ یَدَیۡهِ وَهُدًی وَّبُشۡرٰی لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

QUL MAN KAANA 'ADUWWAN LIJIBREELA FA-INNAHOO NAZZALAHOO 'ALAA QALBIKA BI-IZNI ALLAAHI MUSADDIQAN LIMAA BAYNA YADAYHI WAHUDAN WABUSHRAA LIL-MU'MINEEN

Say: Whoever is the enemy of Jibreel- for surely he revealed it to your heart by Allah’s command, verifying that which is before it and guidance and good news for the believers.

اے رسول کہہ دیجئے کہ جو شخص بھی جبریلؑ کا دشمن ہے اسے معلوم ہونا چاہئے کہ جبریلؑ نے آپ کے دل پر قرآن حکمِ خدا سے اتارا ہے جو سابق کتابوں کی تصدیق کرنے والا، ہدایت اور صاحبانِ ایمان کے لئے بشارت ہے۔

مَنۡ کَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبۡرِیۡلَ وَمِیۡکٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلۡکٰفِرِیۡنَ

MAN KAANA 'ADUWWAN LILLAAHI WAMALAA'IKATIHEE WARUSULIHEE WAJIBREELA WAMEEKAALA FA-INNA ALLAAHA 'ADUWWUN LILKAAFIREEN

Whoever is the enemy of Allah and His angels and His apostles and Jibreel and Meekaeel, so surely Allah is the enemy of the unbelievers.

جو بھی اللہ، ملائکہ، مرسلین اور جبریلؑ و میکائیلؑ کا دشمن ہوگا اسے معلوم رہے کہ خدا بھی تمام کافروں کا دشمن ہے۔

Free to read, copy and share

وَلَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ وَمَا يَكۡفُرُ بِهَاۤ اِلَّا الۡفٰسِقُوۡنَ

WALAQAD ANZALNAA ILAYKA AAYAATIN BAYYINAATIN WAMAA YAKFURU BIHAA ILLAA AL-FAASIQOON

And certainly We have revealed to you clear communications and none disbelieve in them except the transgressors.

ہم نے آپ کی طرف روشن نشانیاں نازل کی ہیں اور ان کا انکار فاسقوں کے سوا کوئی نہ کرے گا۔

اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوۡا عَهۡدًا نَّبَذَهٗ فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ

AWAKULLAMAA 'AAHADOO 'AHDAN NABAZAHOO FAREEQUN MINHUM BAL AKTHARUHUM LAA YU'MINOON

What! whenever they make a covenant, a party of them cast it aside? Nay, most of them do not believe.

ان کا حال یہ ہے کہ جب بھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو ایک فریق نے ضرور توڑ دیا بلکہ ان کی اکثریت بے ایمان ہی ہے۔

وَلَمَّا جَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمۡ نَبَذَ فَرِيۡقٌ مِّنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ كَاَنَّهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ

WALAMMAA JAA'AHUM RASOOLUN MIN 'INDI ALLAAHI MUSADDIQUN LIMAA MA'AHUM NABAZA FAREEQUN MINA ALLAZEENA OOTOO AL-KITAABA KITAABA ALLAAHI WARAA'A ZUHOORIHIM KA-ANNAHUM LAA YA'LAMOON

And when there came to them an Apostle from Allah verifying that which they have, a party of those who were given the Book threw the Book of Allah behind their backs as if they knew nothing.

اور جب ان کے پاس خدا کی طرف سے سابق کی کتابوں کی تصدیق کرنے والا رسول آیا تو اہلِ کتاب کی ایک جماعت نے کتابِ خدا کو پس پشت ڈال دیا جیسے وہ اسے جانتے ہی نہ ہوں۔

Free to read, copy and share

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُو الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَآ
اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُوْنَ
مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا
يَنْفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ

WATTABA'OO MAA TATLOO ASH-SHAYAATEENU 'ALAA MULKI SULAYMAANA WAMAA KAFARA SULAYMAANU WALAAKINNA ASH-SHAYAATEENA KAFAROO YU'ALLIMOONA AN-NAASA AS-SIHRA WAMAA UNZILA 'ALAA AL-MALAKAYNI BIBAABILA HAAROOTA WAMAAROOTA WAMAA YU'ALLIMAANI MIN AHADIN HATTAA YAQOOLAA INNAMAA NAHNU FITNATUN FALAA TAKFUR FAYATA'ALLAMOONA MINHUMAA MAA YUFARRIQOONA BIHEE BAYNA AL-MAR'I WAZAWJIHEE WAMAA HUM BIDAARREENA BIHEE MIN AHADIN ILLAA BI-IZNI ALLAAHI WAYATA'ALLAMOONA MAA YADURRUHUM WALAA YANFA'UHUM WALAQAD 'ALIMOO LAMANI ISHTARAAHU MAA LAHOO FEE AL-AAKHIRATI MIN KHALAAQIN WALABI'SA MAA SHARAW BIHEE ANFUSAHUM LAW KAANOO YA'LAMOON

And they followed what the Satans chanted of sorcery in the reign of Sulaiman, and Sulaiman was not an unbeliever, but the Satans disbelieved, they taught men sorcery and that was sent down to the two angels at Babylon, Harut and Marut, yet these two taught no man until they had said, “Surely we are only a trial, therefore do not be a disbeliever.” Even then men learned from these two, magic by which they might cause a separation between a man and his wife; and they cannot hurt with it anyone except with Allah’s permission, and they learned what harmed them and did not profit them, and certainly they know that he who bought it should have no share of good in the hereafter and evil was the price for which they sold their souls, had they but known this.

اور ان باتوں کا اتباع شروع کردیا جو شیاطین سلیمانؑ کی سلطنت میں جپا کرتے تھے حالانکہ سلیمانؑ کافر نہیں تھے، کافر یہ شیاطین تھے جو لوگوں کو جادو کی تعلیم دیتے تھے اور پھر جو کچھ دو فرشتوں ہاروت ماروت پر بابل میں نازل ہوا ہے، وہ اس کی بھی تعلیم اس وقت تک نہیں دیتے تھے جب تک یہ کہہ نہیں دیتے تھے کہ ہم ذریعہ امتحان ہیں، خبردار تم کافر نہ ہوجانا، لیکن وہ لوگ ان سے وہ باتیں سیکھتے تھے جس سے میاں بیوی کے درمیان جھگڑا کرادیں حالانکہ اذنِ خدا کے بغیر وہ کسی کو نقصان نہیں پہنچا سکتے، یہ ان سے وہ سب کچھ سیکھتے تھے جو ان کے لئے مضر تھا اور اس کا کوئی فائدہ نہیں تھا یہ خوب جانتے تھے کہ جو بھی ان چیزوں کو خریدے گا اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہوگا، انہوں نے اپنے نفس کا بہت برا سودا کیا ہے اگر یہ کچھ جانتے اور سمجھتے ہوں۔

Free to read, copy and share

وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ

WALAW ANNAHUM AAMANOO WATTAQAW LAMATHOOBATUN MIN 'INDI ALLAAHI KHAYRUN LAW KAANOO YA'LAMOON

And if they had believed and guarded themselves (against evil), reward from Allah would certainly have been better; had they but known (this).

اگر یہ لوگ ایمان لے آتے اور متقی بن جاتے تو خدائی ثواب بہت بہتر تھا، اگر ان کی سمجھ میں آجاتا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

YAA AYYUHAA ALLAZEENA AAMANOO LAA TAQOOLOO RAA'INAA WAQOOLOO UNZURNAA WASMA'OO WALILKAAFIREENA 'AZAABUN ALEEM

O you (people) of Faith! Do not say Raina (to the Prophet) but (say) clearly words of respect like Unzurna; and listen carefully (to him); for those without Faith, there is a painful punishment.

ایمان والو! راعنا (ہماری رعایت کرو) نہ کہا کرو انظرنا کہا کرو اور غور سے سنا کرو اور یاد رکھو کہ کافرین کے لئے بڑا دردناک عذاب ہے۔

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

MAA YAWADDU ALLAZEENA KAFAROO MIN AHLI AL-KITAABI WALAA AL-MUSHRIKEENA AN YUNAZZALA 'ALAYKUM MIN KHAYRIN MIN RABBIKUM WALLAAHU YAKHTASSU BIRAHMATIHEE MAN YASHAA'U WALLAAHU ZOO AL-FADLI AL-'AZEEM

Those who disbelieve from among the followers of the Book do not like, nor do the polytheists, that the good should be sent down to you from your Lord, and Allah chooses especially whom He pleases for His mercy, and Allah is the Lord of mighty grace.

کافر اہلِ کتاب یہود و نصاریٰ اور عام مشرکین یہ نہیں چاہتے کہ تمہارے اوپر پروردگار کی طرف سے کوئی خیر نازل ہو حالانکہ اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے لئے مخصوص کرلیتا ہے اور اللہ بڑے فضل و کرم کا مالک ہے۔

Free to read, copy and share

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

MAA NANSAKH MIN AAYATIN AW NUNSIHAA NA'TI BIKHAYRIN MINHAA AW MITHLIHAA ALAM TA'LAM ANNA ALLAAHA 'ALAA KULLI SHAY'IN QADEER

Whatever communications We abrogate or cause to be forgotten, We bring one better than it or like it. Do you not know that Allah has power over all things?

اور اے رسول ہم جب بھی کسی آیت کو منسوخ کرتے ہیں یا دلوں سے محو کردیتے ہیں تو اس سے بہتر یا اس کی جیسی آیت ضرور لے آتے ہیں، کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

ALAM TA'LAM ANNA ALLAAHA LAHOO MULKU AS-SAMAAWAATI WAL-ARDI WAMAA LAKUM MIN DOONI ALLAAHI MIN WALIYYIN WALAA NASEER

Do you not know that Allah's is the kingdom of the heavens and the earth, and that besides Allah you have no guardian or helper?

کیا تم نہیں جانتے کہ آسمان و زمین کی حکومت صرف اللہ کے لئے ہے اور اس کے علاوہ کوئی سرپرست ہے نہ مددگار۔

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ

AM TUREEDOONA AN TAS'ALOO RASOOLAKUM KAMAA SU'ILA MOOSAA MIN QABLU WAMAN YATABADDALI AL-KUFRA BIL-EEMAANI FAQAD DALLA SAWAA'A AS-SABEEL

Rather you wish to put questions to your Apostle, as Musa was questioned before; and whoever adopts unbelief instead of faith, he indeed has lost the right direction of the way.

اے لوگو! کیا تم یہ چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ویسا ہی مطالبہ کرو جیسا کہ موسیٰؑ سے کیا گیا تھا تو یاد رکھو کہ جس نے ایمان کو کفر سے بدل لیا وہ بدترین راستہ پر گمراہ ہوگیا ہے۔

Free to read, copy and share

وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

WADDA KATHEERUN MIN AHLI AL-KITAABI LAW YARUDDOONAKUM MIN BA'DI EEMAANIKUM KUFFAARAN HASADAN MIN 'INDI ANFUSIHIM MIN BA'DI MAA TABAYYANA LAHUMU AL-HAQQU FA'FOO WASFAHOO HATTAA YA'TIYA ALLAAHU BI-AMRIHEE INNA ALLAAHA 'ALAA KULLI SHAY'IN QADEER

Many of the followers of the Book wish that they could turn you back into unbelievers after your faith, out of envy from themselves, (even) after the truth has become manifest to them; but pardon and forgive, so that Allah should bring about His command; surely Allah has power over all things.

بہت سے اہلِ کتاب یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں بھی ایمان کے بعد کافر بنالیں وہ تم سے حسد رکھتے ہیں ورنہ حق ان پر بالکل واضح ہے تو اب تم انہیں معاف کردو اور ان سے درگزر کرو یہاں تک کہ خدا اپنا کوئی حکم بھیج دے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ

WA-AQEEMOO AS-SALAATA WA-AATOO AZ-ZAKAATA WAMAA TUQADDIMOO LI-ANFUSIKUM MIN KHAYRIN TAJIDOOHU 'INDA ALLAAHI INNA ALLAAHA BIMAA TA'MALOONA BASEER

And keep up prayer and pay the poor-rate and whatever good you send before for yourselves, you shall find it with Allah; surely Allah sees what you do.

اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو کہ جو کچھ اپنے واسطے پہلے بھیج دو گے سب خدا کے یہاں مل جائے گا، خدا تمہارے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

WAQAALOO LAN YADKHULA AL-JANNATA ILLAA MAN KAANA HOODAN AW NASAARAA TILKA AMAANIYYUHUM QUL HAATOO BURHAANAKUM IN KUNTUM SAADIQEEN

And they say: None shall enter the garden (or paradise) except he who is a Jew or a Christian. These are their vain desires. Say: Bring your proof if you are truthful.

یہ یہودی کہتے ہیں کہ جنّت میں یہودیوں اور عیسائیوں کے علاوہ کوئی داخل نہ ہوگا، یہ صرف ان کی امیدیں ہیں، ان سے کہہ دیجئے کہ اگر تم سچے ہو تو کوئی دلیل لے آؤ۔

Free to read, copy and share

بَلٰى مَنۡ اَسۡلَمَ وَجۡهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ فَلَهٗۤ اَجۡرُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ

BALAA MAN ASLAMA WAJHAHOO LILLAAHI WAHUWA MUHSINUN FALAHOO AJRUHOO 'INDA RABBIHEE WALAA KHAWFUN 'ALAYHIM WALAA HUM YAHZANOON

Yes! whoever submits himself entirely to Allah and he is the doer of good (to others) he has his reward from his Lord, and there is no fear for him nor shall he grieve.

نہیں جو شخص اپنا رخ خدا کی طرف کردے گا اور نیک عمل کرے گا اس کے لئے پروردگار کے یہاں اجر ہے اور نہ کوئی خوف ہے نہ حزن۔

وَقَالَتِ الۡيَهُوۡدُ لَيۡسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَىۡءٍ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيۡسَتِ الۡيَهُوۡدُ عَلٰى شَىۡءٍ وَّهُمۡ يَتۡلُوۡنَ الۡكِتٰبَ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ مِثۡلَ قَوۡلِهِمۡ فَاللّٰهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ

WAQAALATI AL-YAHOODU LAYSATI AN-NASAARAA 'ALAA SHAY'IN WAQAALATI AN-NASAARAA LAYSATI AL-YAHOODU 'ALAA SHAY'IN WAHUM YATLOONA AL-KITAABA KAZAALIKA QAALA ALLAZEENA LAA YA'LAMOONA MITHLA QAWLIHIM FALLAAHU YAHKUMU BAYNAHUM YAWMA AL-QIYAAMATI FEEMAA KAANOO FEEHI YAKHTALIFOON

And the Jews say: The Christians do not follow anything (good) and the Christians say: The Jews do not follow anything (good) while they recite the (same) Book. Even thus say those who have no knowledge, like to what they say; so Allah shall judge between them on the day of resurrection in what they differ.

اور یہودی کہتے ہیں کہ نصاریٰ کا مذہب کچھ نہیں ہے اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ یہودیوں کی کوئی بنیاد نہیں ہے حالانکہ دونوں ہی کتابِ الٰہی کی تلاوت کرتے ہیں اور اس کے پہلے جاہل مشرکین عرب بھی یہی کہا کرتے تھے، خدا ان سب کے درمیان روزِ قیامت فیصلہ کرنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّن مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَآ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

WAMAN AZLAMU MIMMAN MANA'A MASAAJIDA ALLAAHI AN YUZKARA FEEHAA ISMUHOO WASA'AA FEE KHARAABIHAA OOLAA'IKA MAA KAANA LAHUM AN YADKHULOOHAA ILLAA KHAA'IFEENA LAHUM FEE AD-DUNYAA KHIZYUN WALAHUM FEE AL-AAKHIRATI 'AZAABUN 'AZEEM

And who is more unjust than he who prevents (men) from the masjids of Allah, that His name should be remembered in them, and strives to ruin them? (As for) these, it was not proper for them that they should have entered them except in fear; they shall meet with disgrace in this world, and they shall have great chastisement in the hereafter.

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو مساجد خدا میں اس کا نام لینے سے منع کرے اور ان کی بربادی کی کوشش کرے، ان لوگوں کا حصّہ صرف یہ ہے کہ مساجد میں خوفزدہ ہوکر داخل ہوں اور ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں عذاب عظیم۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

WALILLAAHI AL-MASHRIQU WAL-MAGHRIBU FA-AYNAMAA TUWALLOO FATHAMMA WAJHU ALLAAHI INNA ALLAAHA WAASI'UN 'ALEEM

And Allah’s is the East and the West, therefore, whither you turn, thither is Allah’s purpose; surely Allah is Ample giving, Knowing.

اور اللہ کے لئے مشرق بھی ہے اور مغرب بھی لہذا تم جس جگہ بھی قبلہ کا رخ کرلو گے سمجھو وہیں خدا موجود ہے وہ صاحبِ وسعت بھی ہے اور صاحبِ علم بھی ہے۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ

WAQAALOO ITTAKHAZA ALLAAHU WALADAN SUBHAANAHOO BAL LAHOO MAA FEE AS-SAMAAWAATI WAL-ARDI KULLUN LAHOO QAANITOON

And they say: Allah has taken to himself a son. Glory be to Him; rather, whatever is in the heavens and the earth is His; all are obedient to Him.

اور یہودی کہتے ہیں کہ خدا کے اولاد بھی ہے حالانکہ وہ پاک و بے نیاز ہے، زمین و آسمان میں جو کچھ بھی ہے سب اسی کا ہے اور سب اسی کے فرمانبردار ہیں۔

Free to read, copy and share

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ

BADEE'U AS-SAMAAWAATI WAL-ARDI WA-IZAA QADAA AMRAN FA-INNAMAA YAQOOLU LAHOO KUN FAYAKOON

Wonderful Originator of the heavens and the earth, and when He decrees an affair, He only says to it, Be, so there it is.

وہ زمین و آسمان کا موجد (بنانے والا) ہے اور جب کسی امر کا فیصلہ کرلیتا ہے تو صرف کن کہتا ہے اور وہ چیز ہوجاتی ہے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ

WAQAALA ALLAZEENA LAA YA'LAMOONA LAWLAA YUKALLIMUNAA ALLAAHU AW TA'TEENAA AAYATUN KAZAALIKA QAALA ALLAZEENA MIN QABLIHIM MITHLA QAWLIHIM TASHAABAHAT QULOOBUHUM QAD BAYYANNAA AL-AAYAATI LIQAWMIN YOOQINOON

And those who have no knowledge say: Why does not Allah speak to us or a sign come to us? Even thus said those before them, the like of what they say; their hearts are all alike. Indeed We have made the communications clear for a people who are sure.

یہ جاہل مشرکین کہتے ہیں کہ خدا ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا اور ہم پر آیت کیوں نازل نہیں کرتا، ان کے پہلے والے بھی ایسی ہی جہالت کی باتیں کر چکے ہیں، ان سب کے دل ملتے جلتے ہیں اور ہم نے تو اہلِ یقین کے لئے آیات کو واضح کردیا ہے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ

INNAA ARSALNAAKA BIL-HAQQI BASHEERAN WANAZEERAN WALAA TUS'ALU 'AN ASHAABI AL-JAHEEM

Surely We have sent you with the truth as a bearer of good news and as a warner, and you shall not be called upon to answer for the companions of the flaming fire.

اے پیغمبر ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور آپ سے اہلِ جہنّم کے بارے میں کوئی سوال نہ کیا جائے گا۔

Free to read, copy and share

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

WALAN TARDAA 'ANKA AL-YAHOODU WALAA AN-NASAARAA HATTAA TATTABI'A MILLATAHUM QUL INNA HUDAA ALLAAHI HUWA AL-HUDAA WALA'INI ITTABA'TA AHWAA'AHUM BA'DA ALLAZEE JAA'AKA MINA AL-'ILMI MAA LAKA MINA ALLAAHI MIN WALIYYIN WALAA NASEER

And the Jews will not be pleased with you, nor the Christians until you follow their religion. Say: Surely Allah's guidance, that is the (true) guidance. And if you follow their desires after the knowledge that has come to you, you shall have no guardian from Allah, nor any helper.

یہود و نصاریٰ آپ سے اس وقت تک راضی نہ ہوں گے جب تک آپ ان کی ملت کی پیروی نہ کرلیں تو آپ کہہ دیجئے کہ ہدایت صرف ہدایتِ پروردگار ہے، اور اگر آپ علم کے آنے کے بعد ان کی خواہشات کی پیروی کریں گے تو پھر خدا کے عذاب سے بچانے والا نہ کوئی سرپرست ہوگا نہ مددگار۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖٓ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ

ALLAZEENA AATAYNAAHUMU AL-KITAABA YATLOONAHOO HAQQA TILAAWATIHEE OOLAA'IKA YU'MINOONA BIHEE WAMAN YAKFUR BIHEE FA-OOLAA'IKA HUMU AL-KHAASIROON

Those to whom We have given the Book read it as it ought to be read. These believe in it; and whoever disbelieves in it, these it is that are the losers.

اور جن لوگوں کو ہم نے قرآن دیا ہے وہ اس کی باقاعدہ تلاوت کرتے ہیں اور ان ہی کا اس پر ایمان بھی ہے اور جو اس کا انکار کرے گا اس کا شمار خسارہ والوں میں ہوگا۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ

YAA BANEE ISRAA'EELA UZKUROO NI'MATIYA ALLATEE AN'AMTU 'ALAYKUM WA-ANNEE FADDALTUKUM 'ALAA AL-'AALAMEEN

O children of Israel, call to mind My favor which I bestowed on you and that I made you excel the nations.

اے بنی اسرائیل ان نعمتوں کو یاد کرو جو ہم نے تمہیں عنایت کی ہیں اور جن کے طفیل تمہیں سارے عالم سے بہتر بنا دیا ہے۔

Free to read, copy and share

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ

WATTAQOO YAWMAN LAA TAJZEE NAFSUN 'AN NAFSIN SHAY'AN WALAA YUQBALU MINHAA 'ADLUN WALAA TANFA'UHAA SHAFAA'ATUN WALAA HUM YUNSAROON

And be on your guard against a day when no soul shall avail another in the least neither shall any compensation be accepted from it, nor shall intercession profit it, nor shall they be helped.

اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی کسی کا فدیہ نہ ہوسکے گا اور نہ کوئی معاوضہ کام آئے گا نہ کوئی سفارش ہوگی اور نہ کوئی مدد کی جاسکے گی۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ

WA-IZI IBTALAA IBRAAHEEMA RABBUHOO BIKALIMAATIN FA-ATAMMAHUNNA QAALA INNEE JAA'ILUKA LIN-NAASI IMAAMAN QAALA WAMIN ZURRIYYATEE QAALA LAA YANAALU 'AHDEE AZ-ZAALIMEEN

And when his Lord tried Ibrahim with certain words, he fulfilled them. He said: Surely I will make you an Imam of men. Ibrahim said: And of my offspring? My covenant does not include the unjust, said He.

اور اس وقت کو یاد کرو جب خدا نے چند کلمات کے ذریعے ابراہیمؑ کا امتحان لیا اور انہوں نے پورا کردیا تو اس نے کہا کہ ہم تم کو لوگوں کا امام اور قائد بنا رہے ہیں، انہوں نے عرض کی کہ میری ذریت؟ ارشاد ہوا کہ یہ عہدۂ امامت ظالمین تک نہیں جائے گا۔

وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ

WA-IZ JA'ALNAA AL-BAYTA MATHAABATAN LILNNAASI WA-AMNAN WATTAKHIZOO MIN MAQAAMI IBRAAHEEMA MUSALLAN WA'AHIDNAA ILAA IBRAAHEEMA WA-ISMAA'EELA AN TAHHIRAA BAYTIYA LIT-TAA'IFEENA WAL-'AAKIFEENA WAR-RUKKA'I AS-SUJOOD

And when We made the House a pilgrimage for men and a (place of) security, and: Appoint for yourselves a place of prayer on the standing-place of Ibrahim. And We enjoined Ibrahim and Ismail saying: Purify My House for those who visit (it) and those who abide (in it) for devotion and those who bow down (and) those who prostrate themselves.

اور اس وقت کو یاد کرو جب ہم نے خانہ کعبہ کو ثواب اور امن کی جگہ بنایا اور حکم دے دیا کہ مقام ابراہیم کو مصلی بناؤ اور ابراہیمؑ و اسماعیلؑ سے عہد لیا کہ ہمارے گھر کو طواف اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع و سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک و پاکیزہ بنائے رکھو۔

Free to read, copy and share

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ

WA-IZ QAALA IBRAAHEEMU RABBI IJ'AL HAAZAA BALADAN AAMINAN WARZUQ AHLAHOO MINA ATH-THAMARAATI MAN AAMANA MINHUM BILLAAHI WAL-YAWMI AL-AAKHIRI QAALA WAMAN KAFARA FA-UMATTI'UHOO QALEELAN THUMMA ADTARRUHOO ILAA 'AZAABI AN-NAARI WABI'SA AL-MASEER

And when Ibrahim said: My Lord, make it a secure town and provide its people with fruits, such of them as believe in Allah and the last day. He said: And whoever disbelieves, I will grant him enjoyment for a short while, then I will drive him to the chastisement of the fire; and it is an evil destination.

اور اس وقت کو یاد کرو جب ابراہیمؑ نے دعا کی کہ پروردگار اس شہر کو امن کا شہر قرار دے دے اور اس کے ان اہلِ شہر کو جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہوں پھلوں کا رزق عطا فرما، ارشاد ہوا کہ پھر جو کافر ہوجائیں گے انہیں دنیا میں تھوڑی نعمتیں دے کر آخرت میں عذابِ جہنّم میں زبردستی ڈھکیل دیا جائے گا جو بدترین انجام ہے۔

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

WA-IZ YARFA'U IBRAAHEEMU AL-QAWAA'IDA MINA AL-BAYTI WA-ISMAA'EELU RABBANAA TAQABBAL MINNAA INNAKA ANTA AS-SAMEE'U AL-'ALEEM

And when Ibrahim and Ismail raised the foundations of the House: Our Lord! accept from us; surely Thou art the Hearing, the Knowing:

اور اس وقت کو یاد کرو جب ابراہیمؑ و اسماعیلؑ خانہ کعبہ کی دیواروں کو بلند کر رہے تھے اور دل میں یہ دعا تھی کہ پروردگار ہماری محنت کو قبول فرمالے کہ تو بہترین سننے والا اور جاننے والا ہے۔

Free to read, copy and share

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

RABBANAA WAJ'ALNAA MUSLIMAYNI LAKA WAMIN ZURRIYYATINAA UMMATAN MUSLIMATAN LAKA WA-ARINAA MANAASIKANAA WATUB 'ALAYNAA INNAKA ANTA AT-TAWWAABU AR-RAHEEM

Our Lord! and make us both submissive to Thee and (raise) from our offspring a nation submitting to Thee, and show us our ways of devotion and turn to us (mercifully), surely Thou art the Oft-returning (to mercy), the Merciful.

پروردگار ہم دونوں کو اپنا مسلمان او ر فرمانبردار قرار دے دے اور ہماری اولاد میں بھی ایک فرمانبردار امت پیدا کر، ہمیں ہمارے مناسک دکھلا دے اور ہماری توبہ قبول فرما کہ تو بہترین توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

RABBANAA WAB'ATH FEEHIM RASOOLAN MINHUM YATLOO 'ALAYHIM AAYAATIKA WAYU'ALLIMUHUMU AL-KITAABA WAL-HIKMATA WAYUZAKKEEHIM INNAKA ANTA AL-'AZEEZU AL-HAKEEM

Our Lord! and raise up in them an Apostle from among them who shall recite to them Thy communications and teach them the Book and the wisdom, and purify them; surely Thou art the Mighty, the Wise.

پروردگار ان کے درمیان ایک رسول کو مبعوث فرما جو ان کے سامنے تیری آیتوں کی تلاوت کرے، انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دے اور انکے نفوس کو پاکیزہ بنائے، بے شک تو صاحبِ عزّت اور صاحبِ حکمت ہے۔

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهِيْمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ

WAMAN YARGHABU 'AN MILLATI IBRAAHEEMA ILLAA MAN SAFIHA NAFSAHOO WALAQADI ISTAFAYNAAHU FEE AD-DUNYAA WA-INNAHOO FEE AL-AAKHIRATI LAMINA AS-SAALIHEEN

And who forsakes the religion of Ibrahim but he who makes himself a fool, and most certainly We chose him in this world, and in the hereafter he is most surely among the righteous.

اور کون ہے جو ملّتِ ابراہیمؑ سے اعراض کرے مگر یہ کہ اپنے ہی کو بے وقوف بنائے ، اور ہم نے انہیں دنیا میں منتخب قرار دیا ہے اور وہ آخرت میں نیک کردار لوگوں میں ہیں۔

Free to read, copy and share

اِذۡ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسۡلِمۡ قَالَ اَسۡلَمۡتُ لِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ

IZ QAALA LAHOO RABBUHOO ASLIM QAALA ASLAMTU LIRABBI AL-'AALAMEEN

When his Lord said to him, Be a Muslim, he said: I submit myself to the Lord of the worlds.

جب ان سے ان کے پروردگار نے کہا کہ اپنے کو میرے حوالے کردو تو انہوں نے کہا کہ میں رب العالمین کے لئے سراپا تسلیم ہوں۔

وَوَصّٰى بِهَاۤ اِبۡرٰهٖمُ بَنِيۡهِ وَيَعۡقُوۡبُ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصۡطَفٰى لَـكُمُ الدِّيۡنَ فَلَا تَمُوۡتُنَّ اِلَّا وَاَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ

WAWASSAA BIHAA IBRAAHEEMU BANEEHI WAYA'QOOBU YAA BANIYYA INNA ALLAAHA ISTAFAA LAKUMU AD-DEENA FALAA TAMOOTUNNA ILLAA WA-ANTUM MUSLIMOON

And the same did Ibrahim enjoin on his sons and (so did) Yaqoub. O my sons! surely Allah has chosen for you (this) faith, therefore die not unless you are Muslims.

اور اسی بات کی ابراہیمؑ اور یعقوبؑ نے اپنی اولاد کو وصیت کی کہ اے میرے فرزندو اللہ نے تمہارے لئے دین کو منتخب کردیا ہے اب اس وقت تک دنیا سے نہ جانا جب تک واقعی مسلمان نہ ہوجاؤ۔

اَمۡ كُنۡتُمۡ شُهَدَآءَ اِذۡ حَضَرَ يَعۡقُوۡبَ الۡمَوۡتُ اِذۡ قَالَ لِبَنِيۡهِ مَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِىۡ قَالُوۡا نَعۡبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبۡرٰهٖمَ وَاِسۡمٰعِيۡلَ وَاِسۡحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحۡنُ لَهٗ مُسۡلِمُوۡنَ

AM KUNTUM SHUHADAA'A IZ HADARA YA'QOOBA AL-MAWTU IZ QAALA LIBANEEHI MAA TA'BUDOONA MIN BA'DEE QAALOO NA'BUDU ILAAHAKA WA-ILAAHA AABAA'IKA IBRAAHEEMA WA-ISMAA'EELA WA-ISHAAQA ILAAHAN WAAHIDAN WANAHNU LAHOO MUSLIMOON

Nay! were you witnesses when death visited Yaqoub, when he said to his sons: What will you serve after me? They said: We will serve your God and the God of your fathers, Ibrahim and Ismail and Ishaq, one God only, and to Him do we submit.

کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوبؑ کا وقتِ موت آیا اور انہوں نے اپنی اولاد سے پوچھا کہ میرے بعد کس کی عبادت کرو گے تو انہوں نے کہا کہ آپ کے اور آپ کے آباؤ اجداد ابراہیمؑ و اسماعیلؑ و اسحاقؑ کے پروردگار خدائے وحدہِ لاشریک کی اور ہم اسی کے مسلمان اور فرمانبردار ہیں۔

Free to read, copy and share

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

TILKA UMMATUN QAD KHALAT LAHAA MAA KASABAT WALAKUM MAA KASABTUM WALAA TUS'ALOONA 'AMMAA KAANOO YA'MALOON

This is a people that have passed away; they shall have what they earned and you shall have what you earn, and you shall not be called upon to answer for what they did.

یہودیو ! یہ قوم تھی جو گزر گئی انہیں وہ ملے گا جو انہوں نے کمایا اور تمہیں وہ ملے گا جو تم کماؤ گے تم سے ان کے اعمال کے بارے میں سوال نہ ہوگا۔

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ

WAQAALOO KOONOO HOODAN AW NASAARAA TAHTADOO QUL BAL MILLATA IBRAAHEEMA HANEEFAN WAMAA KAANA MINA AL-MUSHRIKEEN

And they say: Be Jews or Christians, you will be on the right course. Say: Nay! (we follow) the religion of Ibrahim, the Hanif, and he was not one of the polytheists.

اور یہ یہودی اور عیسائی کہتے ہیں کہ تم لوگ بھی یہودی اور عیسائی ہوجاؤ تاکہ ہدایت پا جاؤ تو آپ کہہ دیں کہ صحیح راستہ باطل سے کترا کر چلنے والے ابراہیمؑ کا راستہ ہے کہ وہ مشرکین میں نہیں تھے۔

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

QOOLOO AAMANNAA BILLAAHI WAMAA UNZILA ILAYNAA WAMAA UNZILA ILAA IBRAAHEEMA WA-ISMAA'EELA WA-ISHAAQA WAYA'QOOBA WAL-ASBAATI WAMAA OOTIYA MOOSAA WA'EESAA WAMAA OOTIYA AN-NABIYYOONA MIN RABBIHIM LAA NUFARRIQU BAYNA AHADIN MINHUM WANAHNU LAHOO MUSLIMOON

Say: We believe in Allah and (in) that which had been revealed to us, and (in) that which was revealed to Ibrahim and Ismail and Ishaq and Yaqoub and the tribes, and (in) that which was given to Musa and Isa, and (in) that which was given to the prophets from their Lord, we do not make any distinction between any of them, and to Him do we submit.

اور مسلمانو ! تم ان سے کہو کہ ہم اللہ پر اور جو اس نے ہماری طرف بھیجا ہے اور جو ابراہیمؑ اسماعیلؑ اسحاقؑ یعقوبؑ اولاد یعقوبؑ کی طرف نازل کیا ہے اور جو موسیٰؑ عیسیٰؑ اور انبیائؑ کو پروردگار کی طرف سے دیا گیا ہے ان سب پر ایمان لے آئے ہیں، ہم پیغمبروںؑ میں تفریق نہیں کرتے اور ہم خدا کے سچے مسلمان ہیں۔

Free to read, copy and share

فَاِنۡ اٰمَنُوۡا بِمِثۡلِ مَاۤ اٰمَنۡتُمۡ بِهٖ فَقَدِ اهۡتَدَوۡا وَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا هُمۡ فِىۡ شِقَاقٍ فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ

FA-IN AAMANOO BIMITHLI MAA AAMANTUM BIHEE FAQADI IHTADAW WA-IN TAWALLAW FA-INNAMAA HUM FEE SHIQAAQIN FASAYAKFEEKAHUMU ALLAAHU WAHUWA AS-SAMEE'U AL-'ALEEM

If then they believe as you believe in Him, they are indeed on the right course, and if they turn back, then they are only in great opposition, so Allah will suffice you against them, and He is the Hearing, the Knowing.

اب اگر یہ لوگ بھی ایسا ہی ایمان لے آئیں گے تو ہدایت یافتہ ہوجائیں گے اور اگر اعراض کریں گے تو یہ صرف عناد ہوگا اور عنقریب اللہ تمہیں ان سب کے شر سے بچا لے گا کہ وہ سننے والا بھی ہے اور جاننے والا بھی ہے۔

صِبۡغَةَ اللّٰهِ وَمَنۡ اَحۡسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبۡغَةً وَّنَحۡنُ لَهٗ عٰبِدُوۡنَ

SIBGHATA ALLAAHI WAMAN AHSANU MINA ALLAAHI SIBGHATAN WANAHNU LAHOO 'AABIDOON

(Receive) the baptism of Allah, and who is better than Allah in baptising? and Him do we serve.

رنگ تو صرف اللہ کا رنگ ہے اور اس سے بہتر کس کا رنگ ہوسکتا ہے اور ہم سب اسی کے عبادت گزار ہیں۔

قُلۡ اَتُحَآجُّوۡنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمۡ وَلَنَاۤ اَعۡمَالُنَا وَلَكُمۡ اَعۡمَالُكُمۡ وَنَحۡنُ لَهٗ مُخۡلِصُوۡنَ

QUL ATUHAAJJOONANAA FEE ALLAAHI WAHUWA RABBUNAA WARABBUKUM WALANAA A'MAALUNAA WALAKUM A'MAALUKUM WANAHNU LAHOO MUKHLISOON

Say: Do you dispute with us about Allah, and He is our Lord and your Lord, and we shall have our deeds and you shall have your deeds, and we are sincere to Him.

اے رسول کہہ دیجئے کہ کیا تم ہم سے اس خدا کے بارے میں جھگڑتے ہو جو ہمارا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی۔ تو ہمارے لئے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لئے تمہارے اعمال اور ہم تو صرف خدا کے مخلص بندے ہیں۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَمۡ تَقُوۡلُوۡنَ اِنَّ اِبۡرٰهِيۡمَ وَاِسۡمٰعِيۡلَ وَاِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ وَالۡاَسۡبَاطَ كَانُوۡا هُوۡدًا اَوۡ نَصٰرٰى قُلۡ ءَاَنۡتُمۡ اَعۡلَمُ اَمِ اللّٰهُ وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنۡ كَتَمَ شَهَادَةً عِنۡدَهٗ مِنَ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ

AM TAQOOLOONA INNA IBRAAHEEMA WA-ISMAA'EELA WA-ISHAAQA WAYA'QOOBA WAL-ASBAATA KAANOO HOODAN AW NASAARAA QUL A'ANTUM A'LAMU AMI ALLAAHU WAMAN AZLAMU MIMMAN KATAMA SHAHAADATAN 'INDAHOO MINA ALLAAHI WAMAA ALLAAHU BIGHAAFILIN 'AMMAA TA'MALOON

Nay! do you say that Ibrahim and Ismail and Ishaq and Yaqoub and the tribes were Jews or Christians? Say: Are you better knowing or Allah? And who is more unjust than he who conceals a testimony that he has from Allah? And Allah is not at all heedless of what you do.

کیا تمہارا کہنا یہ ہے کہ ابراہیمؑ اسماعیلؑ اِسحاقؑ یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ یہودی یا نصرانی تھے تو اے رسول کہہ دیجئے کہ کیا تم خدا سے بہتر جانتے ہو، اور اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جس کے پاس خدائی شہادت موجود ہو اور وہ پھر پردہ پوشی کرے اور اللہ تمہارے اعمال سے غافل نہیں ہے۔

تِلۡكَ اُمَّةٌ قَدۡ خَلَتۡ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَلَكُمۡ مَّا كَسَبۡتُمۡ وَلَا تُسۡـَٔـلُوۡنَ عَمَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ

TILKA UMMATUN QAD KHALAT LAHAA MAA KASABAT WALAKUM MAA KASABTUM WALAA TUS'ALOONA 'AMMAA KAANOO YA'MALOON

This is a people that have passed away; they shall have what they earned and you shall have what you earn, and you shall not be called upon to answer for what they did.

یہ امّت گزر چکی ہے اس کا حصّہ وہ ہے جو اس نے کیا ہے اور تمہارا حصّہ وہ ہے جو تم کرو گے اور خدا تم سے ان کے اعمال کے بارے میں کوئی سوال نہیں کرے گا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ كَانُوْا عَلَيْهَا قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

SAYAQOOLU AS-SUFAHAA'U MINA AN-NAASI MAA WALLAAHUM 'AN QIBLATIHIMU ALLATEE KAANOO 'ALAYHAA QUL LILLAAHI AL-MASHRIQU WAL-MAGHRIBU YAHDEE MAN YASHAA'U ILAA SIRAATIN MUSTAQEEM

The fools among the people will say: What has turned them from their qiblah which they had? Say: The East and the West belong only to Allah; He guides whom He likes to the right path.

عنقریب احمق لوگ یہ کہیں گے کہ ان مسلمانوں کو اس قبلہ سے کس نے موڑ دیا ہے جس پر پہلے قائم تھے تو اے پیغمبر کہہ دیجئے کہ مشرق و مغرب سب خدا کے ہیں وہ جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی ہدایت دے دیتا ہے۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

